سوال

(663)کیا دیندار اور دنیا دار معاشرے میں طبقاتی تقسیم کا تصور؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسلمان معاشرے میں دیندار اور دنیا دار ہونے کے حوالے سے کوئی طبقاتی تقسیم ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلامی معاشرے میں دین دار اور دنیا دار کی طبقاتی تقسیم کا کوئی تصور نہیں، بلکہ جملہ امور کا انحصار آدمی کی نیت پر ہے۔ چنانچہ صحیح حدیث میں ہے:

'اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَاتِ' (صحیح البخاری، کَیْفَ کَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، رقم: ۱)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب اللباس: صفحہ:482

محدث فتویٰ